10833 ـ مرتدہونے کے بعد ایک نصرانی سے شادی کرلی اوردوبارہ اسلام قبول کرکے نصرانی کوچھوڑ دیا تو اس کی عدت کیا ہوگی

سوال

اسلام سے مرتدہونے کے بعد ایک عورت نے نصرانی سےشادی کرلی اوربعد میں اسلام کی طرف لوٹنے کے بعد نصرانی کوچھوڑ دیا تواس عورت کی عدت کتنی ہوگی تا کہ کسی دوسرے شخص سے شادی کرسکے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

سوال : کیا اس کے ساتھ مجامعت کی ہے ؟

جواب : جی ہاں اس عورت کے ساتھ مجامعت کی ہے ۔

فضیلۃ الشیخ کا جواب : ۔ راجح قول کے مطابق – اس کی عدت ایک حیض ہوگی ، اورایک قول یہ بھی ہے کہ وہ تین حیض عدت گزارے لیکن راجح قول یہی ہے کہ وہ ایک حیض ہی گزارے گی ، اس لیے کہ اس کا نصرانی سے شادی کرنا صحیح تھا کیونکہ وہ خود بھی اسلام سے مرتد ہوچکی تھی ۔ .